محمد اکرام القادری
سابق ایڈیٹر ہفت روزہ ترجمان اسلام لاہور

# عاشق خیر الوریٰ حضرت شیر علی شاہ رحمہ اللہ

ہوگئے ہم سے جدا حضرت شیر علی شاہؒ — تھے امام الاتقیاء حضرت شیر علیؒ
علم وعرفان کے لنڈ مہائے خم پہ خم — رہبر راہ ہدیٰ، حضرت شیر علیؒ
لب پہ ہر دم ذکر قرآن وحدیث — عاشق خیر الوریٰ حضرت شیر علیؒ
دشمنی بدعات سے سنت سے پیار — سرگروہِ اولیاء، حضرت شیر علیؒ
گونج تیرے نام کی عرب و عجم — پیکر مہر و وفا حضرت شیر علیؒ
اپنے دیوانوں کو روتا چھوڑ کر — چلائے سوئے بقاء حضرت شیر علیؒ
غمزدہ ہم اور تو جنت نشیں — اے امیر قافلہ، حضرت شیر علیؒ
تیرے شاگردوں کا بحر بیکراں — مضطرب ، اے دلربا، حضرت شیر علیؒ
سید الکونین پر یا سیدی — تیرا ہر لمحہ فدا، حضرت شیر علیؒ
تیرا شہر شافع روز جزا — مدتوں مسکن رہا حضرت شیر علیؒ
چاہنے والوں میں تیرے اصفیاء — اے جری و پارسا حضرت شیر علیؒ
تیری الفت کا اسیر اکرامؔ بھی — مرحبا صد مرحبا حضرت شیر علیؒ